**Fazil / Tausif**

**25-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور سری لنکا کے صدر **Anura Dissanayake** کے ساتھ مغربی ایشیاء بحران پر بات چیت کی ہے۔

2- وزیر اعظم نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے ممکنہ طویل مدّتی اثرات سے نمٹنے کیلئے 7 بااختیار گروپ تشکیل دیے جانے کا اعلان بھی کیا۔

3- سرکار نے ملک میں قدرتی گیس اور پیٹرولیم اشیاء کی پائپ لائنوں کو مستحکم بنانے کیلئے نیا حکم نامہ جاری کیا ہے۔

4- گجرات اسمبلی نے یکساں سِول کوڈ بل کو منظوری دے دی ہے، جس میں شادی، طلاق اور جانشینی کیلئے مشترکہ قانونی ڈھانچہ فراہم کرنے کا بندوبست ہے۔

5- بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستانی قابض فوج نے 1971 میں بنگلہ دیش کے نہتے لوگوں کے خلاف تاریخ میں سب سے وحشیانہ نسل کُشی کا ارتکاب کیا۔

6- اور پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج چھتیس گڑھ میں شروع ہو رہے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Trump Sri Lanka Prez

وزیر اعظم نریندر مودی کو کل امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے ایک کال موصول ہوئی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اس گفتگو کے دوران انہوں نے مغربی ایشیاء کے حالات پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کشیدگی کم کرنے اور جلد سے جلد امن بحال کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ ساتھ ہی وہ اس بات کو یقینی بنائے جانے کے حق میں ہے کہ آبنائے ہُرمز کھلی، محفوظ اور قابلِ رسائی رہے، جو پوری دنیا کیلئے ضروری ہے۔ جناب مودی نے بتایا کہ انہوں

نے اور صدر ٹرمپ نے امن و استحکام کی سَمت کوششوں کے بارے میں رابطہ برقرار رکھنے سے اتفاق کیا۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے کل سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake سے بھی ٹیلیفون پر گفتگو کی۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے بتایا کہ انہوں نے مغربی ایشیاء کی اُبھرتی ہوئی صورتحال پر بات چیت کی، جس میں توانائی کی عالمی سپلائی نظام کے متاثر ہونے پر خاص طور پر توجہ مرکوز کی گئی۔
دونوں رہنماؤں نے بھارت-سری لنکا توانائی اشتراک کو مستحکم بنانے اور علاقائی سیکیورٹی کو وسعت دینے کی خاطر اہم اقدامات کی پیشرفت کا جائزہ بھی لیا۔
اس کے علاوہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور سری لنکا نے مشترکہ چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے ملکر کام کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔×

PM - RS Address

وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے ممکنہ طویل مدّتی اثرات سے نمٹنے کیلئے 7 بااختیار گروپوں کی تشکیل کا اعلان کیا ہے اور ریاستوں پر زور دیا ہے کہ وہ بحران سے مقابلہ کرنے کی خاطر ٹیم انڈیا کے جذبے کے ساتھ مرکزی سرکار کے ساتھ ملکر کام کریں۔
راجیہ سبھا میں ایک بیان میں جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ 7 بااختیار گروپ جنگ کے مضمرات سے نمٹیں گے اور ایندھن، کیمیاوی کھاد، گیس، سپلائی نظام اور افراطِ زر کے تعلق سے الگ-الگ حکمتِ عملی مرتب کریں گے۔

**S/B - 0605 PM - Economy**

وزیر اعظم نے بھارت کے اس موقف کو دوہرایا کہ مغربی ایشیاء میں امن کی بحالی کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری واحد راستہ ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ بھارت کشیدگی کم کرنے کی خاطر سبھی فریقوں کے ساتھ رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔

**S/B - 0815 PM - Dialogue WA**

جناب مودی نے اس بات کو تسلیم کیا کہ صورتحال لگاتار بدل رہی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ کسی بھی طرح کی امکانی صورتحال کیلئے تیار رہیں۔×

Air India West Asia

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء جانے اور آنے والی 26 طے شدہ اور غیر طے شدہ پروازیں چلائیں گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایئر انڈیا نے کہا ہے کہ دونوں فضائی کمپنیاں جدّہ جانے اور آنے والی اپنی-اپنی طے شدہ خدمات کا سلسلہ جاری رکھیں گی اور بھارت اور جدّہ کے درمیان مجموعی طور پر 8 پروازیں چلائی جائیں گی۔
اِدھر ایئر انڈیا ایکسپریس مسقط جانے اور آنے والی 4 پروازیں چلائے گی۔ اِن میں دلّی اور ممبئی سے فضائی خدمات کے ساتھ ساتھ بنگلورو اور کوزی کوڈ سے ریاض کیلئے 4 طے شدہ پروازیں بھی شامل ہیں۔×

Centre Pipeline

مرکزی سرکار نے ملک میں توانائی کی یقینی فراہمی کو بڑھاوا دینے کی خاطر قدرتی گیس اور پیٹرولیم اشیاء کیلئے پائپ لائنیں بچھانے کے عمل کو مربوط بنانے کے مقصد سے ایک نیا آرڈر جاری کیا ہے۔ آبنائے ہُرمز کو بند کیے جانے سے پیدا ایندھن کی سپلائی میں رکاوٹ کے معاملے پر بڑھتی ہوئی تشویش کے تناظر میں یہ ہدایت جاری کی گئی ہے۔

اِن حالات و واقعات کی وجہ سے سرکار نے طویل مدّتی توانائی کی یقینی فراہمی کی خاطر ایک اہم حکمتِ عملی کے طور پر مختلف ذرائع سے ایندھن حاصل کرنے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ مذکورہ آرڈر کی رو سے ایک یکساں فریم ورک قائم کیا جائے گا، تاکہ اُن رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے، جن کی وجہ سے پائپ لائن بنیادی ڈھانچے کی توسیع میں خلل پڑتا رہا ہے۔

مذکورہ آرڈر کا اطلاق اُن سبھی سرکاری اداروں، ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور مجاز اداروں پر ہوگا، جو 1934 کے پیٹرولیم ایکٹ کے دائرے میں آتے ہیں اور جنہیں مرکزی سرکار کا لائسنس حاصل ہے۔ ×

Parliament Today

لوک سبھا میں آج وزیر خزانہ نرملا سیتارمن، مالی بل 2026 پر بحث کا جواب دیں گی۔ اِس بل میں مالی سال 2026-27 کیلئے مرکزی حکومت کی مالی تجاویز پر عمل درآمد کیلئے کہا گیا ہے۔

لوک سبھا میں نا دہندگی اور دیوالیہ پن کے ضابطے میں ترمیم کے بل 2025 پر بھی بحث کی جائے گی۔ اِس بل میں نا دہندگی اور دیوالیہ پن کے 2016 کے ضابطے میں ترمیم کیلئے کہا گیا ہے۔

راجیہ سبھا میں آج وزیر داخلہ امت شاہ، مرکزی مسلح پولیس فورسز کی عام انتظامیہ سے متعلق بل 2026 پیش کریں گے۔ اِس میں اُن عام اصولوں کو ضابطے میں لانے کی بات کہی گئی ہے، جن کے تحت مرکزی مسلح پولیس فورسز میں گروپ-A کے جنرل ڈیوٹی افسران اور دیگر افسران کے تقرر اور اُن کی خدمات کی شرائط طے کی جاتی ہیں۔

اِس کے علاوہ، مخنث افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق قانون 2019 بھی آج ایوان میں پیش کیا جائے گا۔ اِس بل کو لوک سبھا کی طرف سے کل منظوری دے دی گئی تھی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Gujrat UCC

گجرات اسمبلی نے 7 گھنٹے سے زیادہ کی طویل بحث کے بعد یکساں سِول کوڈ بل کو اکثریتی زبانی ووٹ سے منظوری دے دی ہے۔ مذکورہ بل میں مذہب سے قطع نظر شادی، طلاق، جانشینی اور باضابطہ شادی کے بغیر ساتھ رہنے کے تعلق سے مشترکہ قانونی ڈھانچہ تجویز کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے گجرات یکساں سِول کوڈ 2026 بل

پیش کیا۔ ایک ہفتے قبل ریاستی سرکار کی جانب سے مقرر کیے گئے پینل نے مشترکہ سِول کوڈ نافذ کرنے کے سلسلے میں اپنی حتمی رپورٹ پیش کی تھی۔
مذکورہ بل کے منظور ہو جانے سے اتراکھنڈ کے بعد گجرات مشترکہ سِول کوڈ کو منظوری دینے والی دوسری ریاست بن گئی ہے۔ اتراکھنڈ سرکار نے فروری 2024 میں مذکورہ بل منظور کیا تھا۔×

Delhi Budget

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کا منصوبہ ہے کہ نیتی آیوگ کی طرز پر، غور و خوض کرنے کا ایک نیا ادارہ Delhi Institutional Think Tank DITI قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر اور ڈرون سے متعلق نئی پالیسیاں بنائی جائیں گی، تاکہ دلّی کو، جدید ترین ٹیکنالوجی اور مصنوعات سازی کا ایک مرکز بنایا جاسکے۔
وزیر اعلیٰ نے 2026-27 کا بجٹ پیش کرتے ہوئے یہ اعلان بھی کیا کہ حکمرانی میں بہتری لانے کے مقصد سے مربوط سرکاری خدمات فراہم کرنے کیلئے، 13، چھوٹے سکریٹیریٹس قائم کیے جائیں، جن پر سو کروڑ روپے تک کی لاگت آئے گی۔×

UP Nivesh Mitra 3.0

اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم 'نویش متر سوئم' کا آغاز کیا ہے، جسے سرمایہ کاروں کے کام کاج کو آسان اور بہتر بنانے کے مقصد سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ انہوں نے صنعتی ترقی کو بھی ایک نئی جہت عطا کی ہے۔ انہوں نے 'یو پی پرائیویٹ بزنس پارک ترقی اسکیم 2025' اور 'Plug & Play Industrial Sheds' اسکیم کا آغاز کیا۔
تقریب کے دوران، وزیر اعلیٰ نے قرض میں سہولت کے، 85 سے زیادہ Letter of Comfort LoCs، اہلیت کے سرٹیفکیٹ ECs اور 2 ہزار 781 کروڑ روپے مالیت کی سبسڈیز جاری کیں، جو سرمایہ کاری سے متعلق تجاویز پر عمل کرنے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔×

Bangladesh Genocide Day

بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمٰن نے آج نسل کُشی کے دن کو یاد کرن کے موقعے پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ 25 مارچ 1971 کو مارے گئے لوگوں کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ جناب طارق رحمٰن نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ کس طرح پاکستان کی قابض فورسز نے آپریشن سرچ لائٹ کے نام پر بنگلہ دیشیوں کو موت کے گھاٹ اُتارا تھا۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ آزادی پسند بنگلہ دیش کی تاریخ میں 25 مارچ 1971 کا دن سب سے شرمناک اور وحشیانہ دنوں میں سے ایک ہے۔ جناب رحمٰن نے کہا کہ اُس تاریک رات میں پاکستان کی قابض فوج نے بنگلہ دیش کے نہتے لوگوں کے خلاف تاریخ میں سب سے وحشیانہ نسل کُشی میں سے ایک نسل کُشی کا ارتکاب کیا تھا۔×

Khelo India

پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج چھتیس گڑھ میں شروع ہو رہے ہیں، جو اگلے مہینے کی 3 تاریخ تک جاری رہیں گے۔
اس میں 7 کھیلوں میں مقابلے ہوں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Vikalp Shukla**

پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کا باضابطہ آغاز آج رائے پور میں ہوگا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر منسکھ ماڈویا اِن کھیلوں کا افتتاح کریں گے۔ اس موقعے پر چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی بھی موجود رہیں گے۔ اِن کھیلوں کے انعقاد کا مقصد ملک کے قبائلی خطوں کے نوجوانوں کو قومی سطح کا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، تاکہ اُنہیں کھیلوں کے شعبوں میں اپنی صلاحیت کی مناسبت سے موقعے مل سکیں۔
کھیلو انڈیا قبائلی گیمز ریاست کے تین شہروں رائے پور، جگدل پور اور امبیکا پور میں ہوں گے۔
ملک کی تقریباً 30 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 3 ہزار سے زیادہ قبائلی اتھلیٹس اور اہلکار اِن کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔
رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Sikkim Youth Parlliament

سکم کی ایک نوجوان ہونہار لیڈر Stuti Pradhan کو باوقار عالمی یوتھ پارلیمنٹ میں ریاست کی نمائندگی کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Manas Pratim / Mainak Chatterjee**

نوجوانوں کی عالمی پارلیمنٹ، ایک بین الاقوامی پلیٹ فارم ہے، جس کے وسیلے سے جنوبی کوریا، متحدہ عرب امارات، کویت، Chad، تھائی لینڈ اور یمن جیسے ملکوں کے نوجوان مندوبین یکجا ہوتے ہیں اور اہم عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال کرتے ہیں نیز نوجوانوں کی قیادت والے، پالیسی پر مبنی طریقِ کار تلاش کرتے ہیں۔ محترمہ Stuti Pradhan، وِکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2025 کی، سکم کی، ریاستی سطح کی فاتح ہیں۔ انہوں نے پارلیمانی مباحثوں اور مضبوط قاعدانہ خاصیتوں کے میدان میں اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کو مظاہرہ کیا ہے۔ انہیں 2026 کے یومِ جمہوریہ پر لوک بھون سکم میں ایک مہمانِ خصوصی کے طور پر بھی مدعو کیا گیا تھا۔
اب چونکہ وہ ایک بین الاقوامی پلیٹ فرام پر جارہی ہیں، لہٰذا وہ ریاست کی آواز، امنگوں اور منظرناموں کی نمائندگی کریں گی۔
Gangtok سے مانس پرتیم سرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................

Padma Akashwani

People's Padma On Akashwani سلسلے کے تحت ہم نے زرعی سائنسداں ڈاکٹر اشوک کمار سنگھ سے بات کی، جنہیں سائنس اور انجینئرنگ کے شعبے میں اُن کے اہم رول کے صلے میں پدم شری سے سرفراز کیا جائے گا۔

**S/B - Dr. Ashok Kumar Singh**

اُن کے ساتھ یہ گفتگو آپ آج صبح نو بجکر دس منٹ پر 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر سن سکتے ہیں۔ یہ پروگرام نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشیل یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگا۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے شمال-مشرقی ریاستوں آندھرا پردیش، مراٹھواڑہ اور تلنگانہ میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے، بجلی چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ امکان ہے کہ اِسی طرح کی صورتحال کل تک مدھیہ مہاراشٹر، کرناٹک اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں بھی رہے۔

محکمے نے آج کیرالم، ماہے، کونکن اور گوا میں بھی گرمی اور نمی والے موسم کے امکانات ظاہر کیے ہیں۔x

Chattisgarh Scheme

چھتیس گڑھ کے وزیرِ اعلیٰ وِشنو دیو سنگھ، تقریباً 5 لاکھ بے زمین زرعی مزدور کنبوں کے بینک کھاتوں میں تقریباً 500 کروڑ روپے، براہِ راست منتقل کریں گے۔ یہ منتقلی، آج دین دیال اُپادھیائے بے زمین زرعی مزدوروں کی فلاحی اسکیم کے تحت کی جائے گی۔ یہ منتقلی، بلودا بازار سے کی جائے گی، جو دیہی سماج کے سب سے کمزور طبقوں کی مدد کے تئیں ریاست کے عزم کو پورا کرنے کی جانب ایک بڑا قدم ہوگا۔

اِس اسکیم کے تحت سرکار اہل کنبوں کے بینک کھاتوں میں 10 ہزار روپے کی رقم سالانہ طور پر منتقل کرتی ہے۔

ریاست نے اپنے سنکلپ بجٹ 2026-27 میں 600 کروڑ روپے کی رقم مختص کی ہے، جس میں اِس بات کو بھی یقینی بنایا گیا ہے کہ یہ فائدہ ضرورتمند کنبوں تک زیادہ سے زیادہ تعداد میں پہنچے۔x

AP Arrests

آندھرا پردیش میں NTR ضلع پولیس نے تین افراد کو گرفتار کیا ہے، جو آن لائن پلیٹ فارم کے وسیلے سے مبینہ طور پر انتہاپسندانہ نظریات پھیلانے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں مبتلا تھے۔ یہ بات انچارج پولیس کمشنر سَرو شریشٹھ ترپاٹھی نے بتائی ہے۔

ملزمین کی شناخت محمد رحمت اللہ شریف، محمد دانش اور مرزا ساحل کے طور پر کی گئی ہے۔ اِن لوگوں کو سراغ ملنے پر باقاعدہ تفتیش کے بعد گرفتار کیا گیا ہے۔x

Harish Rana - AIIMS

ملک کے ایسے پہلے شخص ہریش رانا کو، جنہیں مرضی کی بنیاد پر موت حاصل کرنے Passive Euthanasia کی، قانونی طور پر اجازت دی گئی تھی، کل رات نئی دلّی کے ایمز میں چل بسے۔ 31 سالہ رانا، دس سال سے بھی زیادہ عرصے سے بے ہوش تھے۔ وہ جب پنجاب یونیورسٹی میں بی-ٹیک کی پڑھائی کررہے تھے، تو اُسی دوران وہ چوتھی منزل کی بالکنی سے گر گئے تھے اور اُن کے سر میں شدید چوٹیں آئی تھیں۔

ایمز نے اِس مشکل گھڑی میں اُن کے کنبے کے ارکان اور اُن کے عزیزوں کے تئیں، تہہ دل سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے وزیر اعظم مودی کے مغربی ایشیا میں جاری جنگ پر راجیہ سبھا میں خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی اس سلسلے میں شہ سرخی ہے: جنگ کے دیرپا اثرات مرتب ہوں گے۔ عوام تیار رہیں۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے: مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے درمیان ٹرمپ نے مودی سے فون پر بات کی۔

ہندستان ایکسپریس نے سپریم کورٹ کے اس فیصلے کو اپنی سرخی بنایا ہے کہ مذہب تبدیل کرنے پر درج فہرست ذات کا درجہ ختم ہوگا۔ ہندو، سکھ اور بودھ مذہب کے علاوہ کسی دوسرے مذہب کو ماننے والے شخص کو درج فہرست ذات کا رکن نہیں مانا جا سکتا۔

ریل ٹکٹ کی منسوخی کے ضوابط میں تبدیلی۔ اب آٹھ گھنٹے پہلے تک ٹکٹ کینسل ہونے پر ہی ملے گا ری فنڈ، یہ خبر بھی بیشتر اخباروں میں ہے۔

اخبار پرتاپ نے زراعت اور کسانوں کی بہبود و دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ مودی حکومت کسانوں کو ان کے پسینے کی پوری قیمت دینے کیلئے پُر عزم۔ آبنائے ہُرمز سے نکلے دو بھارتی جہازوں کے جلد ملک پہنچنے کی توقع۔ اس خبر کو بھی اخبارات نے اہمیت دی ہے۔ ایف آئی آر کی منسوخی کیلئے دائر لالو یادو کی درخواست مسترد، اس خبر کو بیشتر اخبارات نے صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ تہران کے جوہری پروگرام سے دست برداری سمیت ڈونلڈ ٹرمپ کا 15 نکات پر مشتمل معاہدے کا دعویٰ۔ اس خبر کو بھی اخبارات نے اہمیت دی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور سری لنکا کے صدر Anura Dissanayake کے ساتھ

مغربی ایشیاء بحران پر بات چیت کی ہے۔

2- وزیر اعظم نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے ممکنہ طویل مدّتی اثرات سے نمٹنے کیلئے 7 بااختیار گروپ تشکیل دیے جانے کا اعلان بھی کیا۔

3- سرکار نے ملک میں قدرتی گیس اور پیٹرولیم اشیاء کی پائپ لائنوں کو مستحکم بنانے کیلئے نیا حکم نامہ جاری کیا ہے۔

4- گجرات اسمبلی نے یکساں سِول کوڈ بل کو منظوری دے دی ہے، جس میں شادی، طلاق اور جانشینی کیلئے مشترکہ قانونی ڈھانچہ فراہم کرنے کا بندوبست ہے۔

5- بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستانی قابض فوج نے 1971 میں بنگلہ دیش کے نہتے لوگوں کے خلاف تاریخ میں سب سے وحشیانہ نسل کُشی کا ارتکاب کیا۔

6- اور پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج چھتیس گڑھ میں شروع ہو رہے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---